

# اضافی اشکال میں سپورٹ وصول کرنے والی فیملیز کے لئے مدد

اگر آپ انگلینڈ میں رہتے ہیں اور کچھ اضافی اشکال میں سپورٹ وصول کرتے ہیں، مثال کے طور پر اگر آپ **Universal Credit** لیتے ہیں یا آپ کے بچے کا تعلیم، صحت اور کیئر کا پلان (EHC) موجود ہے، اس کا خیال رکھا جا رہا ہے یا پہلے خیال رکھا گیا تھا، تو آپ کا 2 سالہ بچہ فنڈ یافتہ ابتدائی تعلیم حاصل کر سکتا ہے. اگر آپ اپنی مہاجرت کی حیثیت کی وجہ سے بینیفٹس نہیں لے سکتے، تب بھی آپ اہل ہو سکتے ہیں.

- یہ اسکیم ملازمت پیشہ والدین کو پیش کردہ 30 گھنٹوں سے مختلف ہے.
- اپنی اہلیت کے بارے میں جاننے کے لئے Childcare Choices کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں.
- اگر آپ اہل ہیں تو اپنے چائلڈ کیئر فراہم کنندہ یا مقامی کونسل سے براہ راست رابطہ کریں.
- اگر آپ کو چائلڈ کیئر فراہم کنندہ کی تلاش میں مشکل ہو رہی ہے تو براہ مہربانی اپنی مقامی اتھارٹی کی فیملی انفارمیشن سروس سے رابطہ کریں.

## دیکھیں کہ آپ کیا سپورٹ لے سکتے ہیں

آپ ہماری ویب سائٹ میں اہلیت چیکر استعمال کر کے جان سکتے ہیں. بس QR کوڈ اسکین کریں یا ‘Childcare Choices’ سرچ کریں.

250627 DfE CC A5 Leaflet_Urdu.indd 1 30/06/2025 11:47

# کہ چائلڈ کیئر سپورٹ سے آپ کی فیملی کے لئے کیا کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے

**فیملی کی زندگی اور چائلڈ کیئر کو سنبھالنا مشکل ہو سکتا ہے۔ اس لئے ہم چائلڈ کیئر سپورٹ کو توسیع دے رہے ہیں تاکہ مزید والدین کو ان کی فیملی کے لحاظ سے سپورٹ کی تلاش میں مدد دی جا سکے.**

اگر آپ ملازمت پیشہ والد/والدہ ہیں اور آپ کے بچے کی عمر 9 ماہ تا 4 سال ہے تو آپ سال میں 38 سے زائد ہفتوں کے دوران ہر ہفتے 30 گھنٹے کی چائلڈ کیئر حاصل کر سکتے ہیں.

## اپنے چائلڈ کیئر کے گھنٹوں کا استعمال کرنا

- اگر آپ معیار پورا کرتے ہیں تو آپ اپنے بچے کے درست عمر کو پہنچنے کے اگلے ٹرم میں اپنے گھنٹوں کا استعمال شروع کر سکتے ہیں. ٹرم 1 جنوری، 1 اپریل اور 1 ستمبر کو شروع ہوتے ہیں.
- اپنے چائلڈ کیئر گھنٹوں کی وصولی جاری رکھنے کے لئے ہر 3 ماہ بعد اپنی تفصیلات کو چیک اور اپ ڈیٹ کریں. فکر نہ کریں، وقت آنے پر آپ کو یاددہانی کروائی جائے گی.
- آپ دیگر اسکیمز کے ساتھ اپنے گھنٹے استعمال کر سکتے ہیں جیسا کہ ٹیکس فری چائلڈ کیئر یا یونیورسل کریڈٹ چائلڈ کیئر. آپ مختلف نرسریز، چائلڈ مائنڈرز (اپنے گھر پر بچوں کا خیال رکھنے والے) اور پری اسکولز استعمال کر سکتے ہیں.
- آپ جن گھنٹوں کا حق رکھتے ہیں، ان کے علاوہ کچھ اضافی اختیاری خدمات کے لئے آپ سے ادائیگی کی درخواست کی جا سکتی ہے تاہم ضروری ہے کہ ایسا آپ کو حکومت کی فنڈنگ کے تحت ملنے والی جگہ کی شرط کے طور پر نہ ہو.

**درج ذیل صورتوں میں آپ اس سپورٹ کے اہل ہو سکتے ہیں:**

- آپ کے بچے کی عمر 9 ماہ تا 4 سال ہے.
- آپ انگلینڈ میں رہتے ہیں.
- آپ اور آپ کے پارٹنر (اگر کوئی ہے) دونوں قومی کم از کم یا کفافی اجرت پر ہفتے میں 16 گھنٹے کے برابر کماتے ہیں لیکن سالانہ آمدن (ایڈجسٹ کردہ کل آمدن) £100,000 سے کم ہے. آپ تب بھی اہل ہو سکتے ہیں کہ اگر والدین میں سے ایک معیار پورا کرتا ہے جبکہ دوسرا کچھ بینیفٹس وصول کر رہا ہے.

مت بھولیں کہ انگلینڈ میں رہائش پذیر 3 اور 4 سال کے بچوں کے تمام والدین پہلے سے ہی چائلڈ کیئر کے 15 گھنٹے وصول کرتے ہیں.

ہمارا آن لائن اہلیت کا ٹول استعمال کر کے جانیں کہ آپ کے لئے کیا اختیارات دستیاب ہیں.

**Wraparound childcare**

ستمبر 2024 سے انگلینڈ میں پرائمری اسکول کی عمر کے بچوں کے لئے مزید wraparound childcare مقامات دستیاب ہو چکے ہیں.

Wraparound childcare عام طور پر صبح 8 سے شام 6 بجے تک اسکول سے پہلے اور بعد کے اوقات میں، ٹرم کے وقت کے دوران، اسکول کے مقام یا کسی اور مقامی جگہ، جیسا کہ کمیونٹی سنٹر، نرسری یا چائلڈ مائنڈر پر رکھی جاتی ہے.

اگر آپ اہل ہیں تو آپ اپنی جگہ کی ادائیگی کرنے میں مدد کے لئے Tax-Free Childcare یا Universal Credit Childcare استعمال کر سکتے ہیں. مزید جاننے کے لئے اپنے بچے کے اسکول یا مقامی اتھارٹی کی فیملی انفارمیشن سروس سے بات کریں.

## ناشتے کے مفت کلبز

حکومت کے پہلے 750 مفت یونیورسل ناشتہ کلبز کا آغاز اپریل 2025 میں ہوا جن میں یہ اسکول، اسکول سے پہلے 30 منٹ کے سیشن فراہم کرتے ہیں جہاں بچوں کو مفت ناشتہ ملتا ہے، تاکہ وہ تعلیم کے لئے تیار ہو کر دن کا آغاز کر سکیں.

اگر آپ کے بچے کا اسکول پہلے 750 میں سے ہے تو وہ نئے ناشتہ کلبوں کے لئے سائن اپ کرنے کے متعلق آپ سے براہ راست رابطہ کریں گے.

حکومت کے انگلینڈ کے ہر ریاستی فنڈنگ لینے والے پرائمری اسکول میں مفت ناشتے کی فراہمی کے عہد کے حصے کے طور پر قومی رول آؤٹ پر مزید تفصیلات جلد دستیاب ہوں گی. مزید جاننے کے لئے Childcare Choices سرچ کریں.

## اپنا کوڈ کیسے حاصل کیا جائے

1 اپنی اہلیت جاننے کے لئے **ChildcareChoices.gov.uk** ملاحظہ کریں.

2 اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں تاکہ آپ ان کے انتظامات سمجھ سکیں اور جان سکیں کہ وہ آپ کے بچے کو جگہ پیش کر سکتے ہیں یا نہیں.

3 اپنے کوڈ کے لئے آن لائن درخواست دیں.

آپ کو اپنے قومی انشورنس نمبر (یا اگر ذاتی روزگار رکھتے ہیں تو منفرد ٹیکس ادا کرنے والے کا حوالہ)، جس تاریخ کو آپ نے کام شروع کیا یا کریں گے، آپ کو ملنے والی سرکاری سپورٹ یا بینیفٹس کی تفصیلات اور آپ کے بچے کے یوکے میں پیدائش کے سرٹیفکیٹ کے حوالہ نمبر (اگر دستیاب ہے) کی ضرورت ہو گی.

4 اپنے فراہم کنندہ کو اپنا کوڈ دیں. آپ کو فوراً معلوم ہو سکتا ہے کہ آپ اہل ہیں یا نہیں تاہم کوڈ ملنے میں 7 دن تک لگ سکتے ہیں.

5 ہر 3 ماہ بعد اپنے چائلڈ کیئر اکاؤنٹ میں اپنی تفصیلات کی دوبارہ تصدیق کریں.

## درخواست کرنے کی آخری تاریخیں

اپنے 30 گھنٹوں کی چائلڈ کیئر کوڈ کو حاصل کرنے کے لئے ذیل تک درخواست دیں:

- اسے 1 ستمبر 2025 سے استعمال کرنے کے لئے **31 اگست 2025.**
- اسے 1 جنوری 2026 سے استعمال کرنے کے لئے **31 دسمبر 2025.**
- اسے 1 اپریل 2026 سے استعمال کرنے کے لئے **31 مارچ 2026.**



# فیملی لائف سنبھالنے میں آپکی مدد کیلئے۔

## پرورش کرنے کی حسین کشمکش میں توازن ہی سب کچھ ہے، لیکن بعض اوقات اسے تلاش کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

Choices چائلڈ کیئر کے وسیع تر اختیارات کے ساتھ آپ کی مدد کے لئے موجود ہے جو کہ آپ کے بچے کو ایک بہترین آغاز مہیا کرنے، اسکول کے لئے تیار کرنے اور ذمہ داریاں سنبھالنا آسان بنانے میں آپ کے لئے مددگار ہو سکتے ہیں.

HM Government

Childcare Choices

250627 DfE CC A5 Leaflet_Urdu.indd 4 30/06/2025 11:47